1 page

1 /

قدوائی انگلش اسکول

نظم: 1 حمد چوتھی جماعت

ا۔ نظم لکھئے:۔

بگڑی سب کی بنانے والے میرے کام بھی تیرے حوالے
ہر ذرّے میں جلوہ تیرا پھیلے ہر سو تیرے اجالے
ایک تیری ہی ذات ہے جس کو ہم ہیں سجدہ کرنے والے
تیری قدرت کے ہیں مظہر چاند ستارے ندی نالے
کشتی پار لگادے میری کشتی پار لگانے والے
گمراہوں کا ہاتھ پکڑلے او بخشش فرمانے والے
چھوٹ گیا جب تیرا دامن گرتے کو پھر کون سنبھالے
تیری کھوج میں ہم کیا نکلے پھول بنے سب پانو کے چھالے

II۔ ان الفاظ کے معنی لکھئے:۔

ا۔ بگڑی: پھوٹی قسمت۔ ۲۔ جلوہ: نور۔ ۳۔ مظہر: ظاہر ہونے والا۔
۴۔ بخشش: معافی۔ ۵۔ گمراہ: بھٹک جانا۔ ۶۔ کھوج: تلاش۔
۷۔ چھالے: زخم۔ ۸۔ سنبھالے: تھام لینا۔ ۹۔ دامن: آنچل (کرتے کا کنارا)۔
۱۰۔ پانو: پاؤں۔ ۱۱۔ ہرسو: ہرطرف۔

III۔ غلط اور صحیح جملوں کی نشاندہی کیجئے:۔

ا۔ بگڑی سب کی بنانے والا اللہ ہے۔ (✓)
۲۔ پتے بنے سب پانو کے چھالے۔ (✗)
۳۔ گرتے کو سنبھالنے والا اللہ ہے۔ (✓)
۴۔ چھوٹ گیا جب اس کا دامن۔ (✗)
۵۔ تیری قدرت کے ہیں مظہر۔ (✓)

Scanned with CamScanner

Page-2-

۱۔ جوڑ لگائیے:۔

۱۔ ہر ذرّے میں جلوہ تیرا — پھیلے ہر سو تیرے اجالے

۲۔ کشتی پار لگادے میری — کشتی پار لگانے والے

۳۔ گمراہوں کا ہاتھ پکڑ لے — او بخشش فرمانے والے

۴۔ ایک تیری ہی ذات ہے جس کو — ہم ہیں سجدہ کرنے والے

V۔ مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے:۔

(سنبھالے جلوہ سجدہ لگادے)

۱۔ کشتی پار لگادے میری۔ ۲۔ گرتے کو پھر کون سنبھالے۔

۳۔ ایک تیری ہی ذات ہے جس کو ہم ہیں سجدہ کرنے والے۔

۴۔ ہر ذرّے میں جلوہ تیرا۔

VI۔ ان الفاظ کے واحد اور جمع لکھیے:۔

۱۔ ذرّہ + ذرّے۔ ۲۔ ندی + ندیاں۔ ۳۔ جلوہ + جلوے۔

۴۔ اجالا + اجالے۔ ۵۔ بخشش + بخششیں۔ ۶۔ پھول + پھولوں۔

۷۔ سجدہ + سجدے۔ ۸۔ کشتی + کشتیاں۔

VII۔ ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے:۔

۱۔ سب کی بگڑی بنانے والا کون ہے؟

ج۔ سب کی بگڑی بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

۲۔ ہر طرف کیا پھیلا ہوا ہے؟

ج۔ ہر طرف اجالا پھیلا ہوا ہے۔

۳۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظہر کیا کیا ہے؟

ج۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظہر ندی نالے چاند ستارے ہیں۔

۴۔ کشتی پار لگانے سے شاعر کا مطلب کیا ہے؟

ج۔ کشتی پار لگانے سے شاعر کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ ہماری مشکلوں کو آسان کردے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

Scanned with CamScanner

page 3

نظم 2: نعت چوتھی جماعت

ا۔ نظم لکھیے:۔

ہے معراج پیا کلام محمد ﷺ ہے شانِ تجلّی پیام محمد ﷺ
خدا ہی نے بخشا ہے نام محمد ﷺ فرشتوں نے بھیجا سلام محمد ﷺ
یہ کل کائنات جہاں دو جہاں سب خدا نے بنائے بنام محمد ﷺ
سرے انتہائے مکاں لا مکاں تک نہاں ذرّے ذرّے نام محمد ﷺ

II۔ ان الفاظ کے معنی لکھیے:۔

ا۔ تجلّی: نور۔ ۲۔ بنام: نام سے۔ ۳۔ کلام: باتیں۔ ۴۔ پیام: خبر۔
۵۔ کائنات: دنیا۔ ۶۔ ذرّہ: ریزہ۔ ۷۔ جہاں: دنیا۔

III۔ مرکبات لکھیے:۔

ا۔ معراج: حضرت محمد ﷺ کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا۔
۲۔ جہاں: دنیا۔ ۳۔ انتہا: اخیر۔ ۴۔ لامکاں: جس کا کوئی مکان نہیں۔

IV۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجیے:۔

(انتہائے کائنات مقام فرشتوں شانِ تجلّی نام)

ا۔ ہے شانِ تجلّی پیام محمد ﷺ۔ ۲۔ فرشتوں نے بھیجا سلام محمد ﷺ۔
۳۔ یہ کل کائنات جہاں دو جہاں سب۔ ۴۔ سرے انتہائے مکاں لامکاں تک۔
۵۔ نہاں ذرّے ذرّے میں نام محمد۔

V۔ ان الفاظ کے اضداد لکھیے:۔

ا۔ زمین = آسمان۔ ۲۔ ابتداء = انتہا۔ ۳۔ مکاں = لامکاں۔
۴۔ عیاں = نہاں۔ ۵۔ فانی = باقی۔

VI۔ ان الفاظ کے واحد اور جمع لکھیے:۔

ا۔ ذرّہ + ذرّے۔ ۲۔ فرشتہ + فرشتے۔ ۳۔ فلک + افلاک۔ ۴۔ پیام + پیامات۔
۵۔ شئے + اشیاء۔

Scanned with CamScanner

V۔ ان سوالوں کے جواب لکھیے:۔

۱۔ محمد ﷺ پر سلام کس نے بھیجا؟

ج۔ محمد ﷺ پر سلام فرشتوں نے بھیجا۔

۲۔ کل کائنات کس نے بنایا؟

ج۔ کل کائنات اللہ تعالیٰ نے بنایا۔

۳۔ کلام محمد ﷺ کو شاعر نے کن معنوں میں یاد کیا ہے؟

ج۔ کلام محمد ﷺ کو شاعر نے کلام محمد ﷺ اور پیام محمد کے معنوں میں یاد کیا ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

چوتھی جماعت

سبق: 1 اخلاقیات

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھیے:۔

۱۔ غریب: مفلس۔ ۲۔ احترام: عزت۔ ۳۔ نفرت: دشمنی۔

۴۔ مسکین: غریب۔ ۵۔ دریافت کرنا: پوچھنا۔ ۶۔ اخلاق: عادت۔

۷۔ نادار: کمزور۔ ۸۔ محبت: دوستی۔ ۹۔ تیمارداری: بیمار کی مزاج پرسی کرنا۔

۱۰۔ دلاسہ دینا: ہمت بندھانا۔ ۱۱۔ پیغمبر: پیغام پہنچانے والا۔

۱۲۔ ہمدردی: دوسروں کا درس محسوس کرنا۔

II۔ قوسین میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خانہ پری کیجیے:۔

(تاکید ہمدردی حسن اخلاق گرویدہ صبر)

۱۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو ہمیشہ سچ بولنے کی تاکید کی۔

۲۔ آپ ﷺ نے یتیموں اور مسکینوں سے ہمدردی کا سلوک فرمایا۔

۳۔ آپ ﷺ کی ساری زندگی حسن اخلاق کا نمونہ تھی۔

۴۔ آپ ﷺ نے ہمیشہ صبر سے کام لیا۔

۵۔ بڑھیا آپ ﷺ کے عمدہ اخلاق کی گرویدہ ہوگئی۔

III۔ مثال کے مطابق مناسب لفظ کا انتخاب کیجیے اور لکھیے:۔

(حاکم ظالم عالم جابر صابر)

Scanned with CamScanner